بلوچستان میں پہلی گرلز اسکول کرکٹ اکیڈمی کا قیام

- کوئٹہ کے النساء اسکول میں پہلی گرلز کرکٹ اکیڈمی قائم کردی گئی
- اکیڈمی میں اسکول کی طالبات قومی خاتون کرکٹر ناہیدہ خان اور پی سی بی کے کوچ عقیل خان کی زیرنگرانی تربیت حاصل کریں گی

لاہور ، 18 جولائی 2019 ء :
النساء اسکول کوئٹہ میں صوبہ بلوچستان کی پہلی گرلز اسکول کرکٹ اکیڈمی قائم کردی گئی ہے۔اکیڈمی کا قیام پاکستان کرکٹ بورڈ کے "کرک فار اس " پروگرام کے اشتراک سے عمل میں لایا گیا ہے۔ 2018 سے گراس روٹ لیول پر کام کرنے والا "کرک فار اس "گرلز پروگرام پی سی بی کے ویمن کرکٹ ویژن 2022 کا حصہ ہے۔

پروگرام کا مقصد اسکول اور تعلیمی اداروں کےباہمی تعاون سےخواتین کرکٹ کے فروغ کے لیے نچلی سطح پر جا کر کام کرنا ہے۔

اکیڈمی کا افتتاح 17 جولائی بروز بدھ کیا گیا تاہم اکیڈمی میں باقاعدہ ٹریننگ کا آغاز عید الضحیٰ کے بعد شروع ہوگا۔

اس موقع پر سنیئر جنرل منیجر ویمن کرکٹ پی سی بی شاہد اسلم کا کہنا ہے "ہم خواتین کرکٹ کے فروغ کے لیے جاری اپنے اس پروگرام میں اضافے سے بہت خوش ہیں۔پی سی بی نے نچلی سطح تک کرکٹ کے فروغ کے لیے جامع منصوبہ بندی کررکھی ہے۔"
" النساء اسکول میں گرلز کرکٹ اکیڈمی کے قیام سے ہمیں کوئٹہ سے ٹیلنٹ کی تلاش میں مدد ملے گی جو مستقبل میں بلوچستان کے لیے معاون ثابت ہوگا۔ اکیڈمی کے انتظامات النساء اسکول کے سپرد ہوں گے ۔ تاہم پی سی بی کے کوچ عقیل خان اور قومی خاتون کرکٹر ناہیدہ خان بھی اکیڈمی کی سہولیات اور کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے رہیں گی۔"

"گراس روٹ لیول پر جاری یہ پروگرام اسکول کی طالبات کے لیے قومی سطح تک پہنچنے سے قبل ایک بہترین پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ملک بھر میں جاری یہ منصوبہ خواتین

کرکٹ کے نئے ٹیلنٹ کی تلاش کی جانب مثبت قدم ہے۔ "

علاوہ ازیں ملک بھر سے ٹیلنٹ کے تلاش کے لیے پی سی بی سرکاری اور نجی ا سکولز کے ساتھ باہمی تعاون جاری رکھے گا جبکہ پی سی بی کے کوچز اکیڈمی میں تربیت حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے رہیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4